# آل میمن ویلفیئر
# کوآپریٹیو ہاؤسنگ سوسائٹی لمیٹڈ کراچی




# 48th ANNUAL REPORT
## 2018-2019

**آل میمن ویلفیئر کوآپریٹیو ہاؤسنگ سوسائٹی لمیٹڈ کراچی**


کی مجلس انتظامیہ نے اپنے رجسٹرڈ آفس

ST-4، سیکٹر A-13، میمن نگر، اسکیم 33، گلزارِ ہجری، کراچی سے جاری کیا۔

سوسائٹی آفس فون: 021-34656717







CamScanner




# In the Name of ALLAH

The Most Gracious, The Most Merciful

CamScanner

# خطاب



محمد حنیف سُلطا

صدرسوسائٹی

مُعززاراکین انتظامیہ کمیٹی

اور قابلِ احترام میمن نگر کے رہائشی رالاٹیز

السلام علیکم

اللہ تعالیٰ کی مہربانی اور کرم نوازی ہے کہ آج سوسائٹی کے 48ویں سالانہ اجلاس کے موقع پر آپ سے مُخاطب ہوں، میمن نگر سیکٹر 13-A اور 15-A کے تمام رہائشی رالاٹیز حضرات ہمارے لئے ایک جیسی اہمیت کے حامل ہیں اور ہم اُن کی خدمت کے لئے ہمیشہ تیار وآمادہ رہتے ہیں! میمن نگر کے دونوں سیکٹرز کے ترقیاتی کاموں کو پچھلے کئی سالوں سے طے شُدہ قوانین اور کمیٹی کی تجویز کردہ حکمتِ عملی کی روشنی میں مُسلسل آگے بڑھایا جارہا ہے اور اس بات پر خوشی ظاہر کرتا ہوں کہ رفتہ رفتہ ہم اپنے مقاصد کی جانب بڑھ رہے ہیں اور یہ ہمارا سب سے بڑا مقصد ہے کہ میمن نگر کے دونوں سیکٹرز کے لوگوں کو جدید رہائشی سہولیات فراہم کی جائیں! اپنے وعدے کی تکمیل میں انتظامیہ کمیٹی اگر تاخیر کا شکار ہوتی ہے تو اس کی بہت سی وجوہات ہوتی ہیں، آپ جانتے ہیں کہ سرکاری کام وقت طلب ہوتے ہیں اور بعض کاموں میں سرکار سے منظوری لئے بغیر ذرا سی پیش رفت بھی مُمکن نہیں! پچھلی ایک جنرل باڈی میٹنگ میں 15-A کے اندر سڑکوں کا کام تکمیل تک پہُنچانے کا وعدہ کیا گیا تھا لیکن اس دوران پانی وسیوریج کے مسائل نے اس کام کو رُکوادیا کیونکہ بہرطور پانی وسیوریج ترجیحی معاملات ہیں! ان دنوں یہ دو بڑے معاملات پیش رفت پر ہیں، اگر ان ترقیاتی کاموں کی وجہ سے رہائشیوں کو وقتی پریشانی کا سامنا ہے اور کُچھ مالی نُقصان بھی برداشت کرنا پڑا ہے تو اس کے لئے میں معذرت چاہتا ہوں اور اُمید کرتا ہوں کہ ہماری کسی غلطی یا کوتاہی جو یقیناً نادانستگی میں ہوئی ہوگی، کو نظرانداز کر کے آپ فراخ دلی کا ثبوت دیں گے!

یہ طے شُدہ بات ہے کہ بڑے ترقیاتی کاموں کے لئے وافر سرمایہ درکار ہوتا ہے اور یہ آپ کے تعاون کے بغیر ممکن نہیں لہٰذا آپ سبھی پلاٹ ہولڈرز رہائشی حضرات سے درخواست ہے کہ اپنے ذمے واجبات جلد از جلد ادا کر کے سوسائٹی انتظامیہ کے ساتھ بھرپور تعاون کا مُظاہرہ کریں! شُکریہ

اللہ تعالیٰ ہم سب کا حامی ومددگار ہو! آمین

صدرسوسائٹی

CS CamScanner



اعزازی جنرل سیکریٹری

محمد یوسف عبداللہ نوی والا

# سالانہ جائزہ رپورٹ

ترم جناب صدر، نائب صدر اور معزز ممبرانِ سوسائٹی

سلام علیکم

شروع کرتا ہوں اپنے پاک اور مہربان رب کے نام سے جس کی مہربانی اور کرم سے ہم سب اپنی اپنی جگہ پر قائم ودائم ہیں! آج سوسائٹی کے 48ویں سالانہ اجلاس میں آپ سب کی تشریف آوری ہمارے لئے باعثِ عزت وافتخار ہے! آپ سوسائٹی کے معاملات سے واقف ہیں اور مزید جاننے میں دلچسپی رکھتے ہیں تو یہ بات یقیناً آپ کے مفاد میں ہے! میمن نگر کے رہائشی اچھی طرح واقف ہیں کہ اسکیم 33 کی بہت سی سوسائٹیوں نے وہ جملہ سہولیات اب تک فراہم نہیں کیں جو میمن نگر کی انتظامیہ کمیٹی نے اپنے ممبران کو مہیا کر رکھی ہیں، بعض معاملات انجام دیتے ہوئے تاخیر بھی ہوئی اور کچھ کوتاہی بھی تو یقیناً اس لئے کہ انسان کو رب نے اسی طرح تخلیق کیا ہے کہ وہ چاہے بھی تو کبھی کامل نہیں ہوسکتا، غلطیوں کے پتلے انسان سے نادانستہ خطا ہوجائے تو درگزر کرلینا چاہئے! اگر مجھ سے یا میری کابینہ کے کسی فرد سے کوئی غلطی ہوئی ہو تو یقین رکھیں کہ ایسا کرنے میں ہماری مرضی ومنشا نہیں رہی ہوگی اور وہ غلطی جو آپ کی مرضی سے نہ ہو، رب کے یہاں معاف ہوجاتی ہے!

سیکٹر A-15 میں سڑکوں کا کام آگے بڑھ رہا تھا کہ رہائشیوں کی شکایت اور محلہ کمیٹی کی تجویز پر پانی وسیوریج کے معاملات کو ترجیحی بنیاد پر دیکھنا اور درست کرنا پڑا، آپ جانتے ہی ہیں ان دنوں پانی کی فراہمی اور سیوریج کے مسئلے پر کام ہو رہا ہے اور اس وجہ سے آپ کو تھوڑی بہت شکایت بھی ہوگی اور آپ پریشان بھی یقیناً ہو رہے ہوں گے، ساتھ ہی اس زیادہ ضروری کام کی وجہ سے سڑک تعمیر کا کام فی الحال روک دیا گیا ہے! آپ کو اندازہ ہونا چاہئے کہ یہ بہت بڑی نوعیت کے ترقیاتی کام ہیں اور سوسائٹی ان کی تکمیل تبھی کرسکتی ہے جب ضروری فنڈز دستیاب ہوں اور جن کا حصول، آپ کے ذمے واجب الادا رقوم سے ممکن ہے، میں درخواست کرتا ہوں کہ پلاٹ ہولڈرز اپنے ذمے واجب الادا رقم جلد از جلد ادا کریں تاکہ ترقیاتی کاموں کو اپنے وقت پر پورا کیا جاسکے، یاد رہے کہ اگر فنڈز کی کمی کے باعث کام رکے گا تو یہ آپ رہائشیوں کے مفاد میں ہرگز نہیں ہوگا!

یوں تو اراکینِ انتظامیہ کمیٹی برائے سال 2019- 2018 کی کارکردگی آپ کے سامنے ہے پھر بھی اس کی جائزہ رپورٹ پیشِ خدمت ہے!

CamScanner

# میمن نگر سیکٹر 13-A

## 1- میمن مسجد میمن نگر

میمن نگر سیکٹر 13-A کو اسکیم 33 گُل زارِ ہجری کے علاقے میں یہ اعزاز حاصل ہے کہ یہاں ایک شان دار اور خوب صورت مسجد موجود ہے جہاں نمازِ پنج وقتہ پابندی سے ادا کی جاتی ہیں، ساتھ ہی احاطے میں قائم مدرسے میں بچوں کو دینی تعلیم دی جاتی ہے، ہر سال ماہِ رمضان میں اہلِ مُحلہ خشوع و خضوع سے عبادت میں مصروف رہتے ہیں یوں پورے علاقے میں رُوحانی فضا قائم ہو جاتی ہے! نمازیوں کی بڑی تعداد یہاں اعتکاف میں بیٹھتی ہے، پورے ماہِ مُبارک میں افطاری کا اہتمام ہوتا ہے اور آخری عشرے میں سحری بھی کرائی جاتی ہے!

## 2- گارڈن (باغیچہ)

پچھلے دو برسوں کی طرح زیرِ تذکرہ برس میں بھی سیکٹر 13-A کے باغیچے کو مزید خوب صورت اور آرام دہ بنانے پر توجہ دی گئی، یہاں شام کے اوقات میں خواتین اور بچے کُھلی فضا میں تفریح کا بھرپور مزہ لیتے ہیں، صُبح سویرے مُحلے کے کُچھ لوگ جاگنگ کر کے صحتِ عامہ کو بہتر بنانے کا پرچار کرتے ہیں اور یقیناً اُن کی وجہ سے دوسروں کو بھی صحت بہتر رکھنے کی ترغیب ملتی ہے! اس سال گارڈن میں کئی نئے پودے و پیڑ لگائے گئے، اس کی حفاظت اور اسے ہرا بھرا رکھنے میں اراکینِ کمیٹی اور خاص طور سے محلّہ کمیٹی کا بہت بڑا کردار ہے!

## 3- بجلی کی لوڈ شیڈنگ

میمن نگر سیکٹر 13-A میں بجلی کی فراہمی کا کام بہت پہلے ہی مُکمل ہو چُکا، لوڈ شیڈنگ کے عذاب نے ایک عرصے تک رہائشیوں کو پریشان رکھا، اس سلسلے میں انتظامیہ نے کے الیکٹرک سے رُجوع کیا، خط و کتابت کی اور بتایا کہ میمن نگر کی بلنگ بہت عُمدہ ہے، اس پر کے الیکٹرک نے لوڈ شیڈنگ سے مُستثنیٰ کر دیا تھا لیکن پھر بغیر بتائے دن میں تین بار ایک ایک گھنٹے کی لوڈ شیڈنگ شروع کر دی گئی! ہم سب جانتے ہیں کہ میمن نگر میں نہیں مگر ہمارے علاقے سے مُتصل سکندر گوٹھ میں بجلی چوری ہوتی ہے جس کا خمیازہ ہمیں بھگتنا پڑتا ہے، اس سلسلے میں کمیٹی، کے الیکٹرک کو واضح و قائل کر رہی ہے کہ ہمیں لوڈ شیڈنگ سے مُستثنیٰ قرار دیا جائے کیونکہ ہم بلنگ کے معاملے میں بہت بہتر ہیں!

## 4- روڈ ورک

حال ہی میں PTCL نے پروموشنل ورک کے لئے میمن نگر کے احاطے میں غیر ضروری کُھدائی کی تھی جس پر سوسائٹی نے ایکشن لیا اور ادارے سے ایک بڑی رقم، بحالی و مرمت کے لئے حاصل کی گئی لیکن کام زیادہ تھا لہٰذا مُحلہ کمیٹی اور سوسائٹی نے مل کر اور PTCL سے حاصل شُدہ فنڈز کو استعمال کر کے مرمت کا کام مُکمل کیا! سوسائٹی 13-A کے رہائشیوں سے اپیل کرتی ہے کہ بغیر اجازت سڑک کی کُھدائی نہ کریں اور اگر بہت ضروری ہو جیسے پانی، نکاسی یا گیس وغیرہ کے کنکشن کی خاطر تو اس کی پیشگی تحریری اجازت، سوسائٹی سے ضرور لی جائے!

CamScanner

# میمن نگر سیکٹر 15-A

## 1- میمن مسجد میمن نگر

اس سیکٹر میں ایک خوب صورت اور وسیع وعریض مسجد بڑی حد تک مکمل ہو گئی ہے تاہم توسیع اور آرائش کا کام جاری ہے' مسجد میں پنج وقتہ نماز خشوع وخضوع سے پڑھی جارہی ہے اور ماہِ مُبارک میں یہاں بڑی تعداد میں لوگ اعتکاف میں بیٹھ رہے ہیں!

## 2- سوئی گیس

سیکٹر کے تمام رہائشیوں کو سوئی گیس کی سہولت حاصل ہے' میٹرز لگ چکے ہیں' سوسائٹی نے گیس کمپنی کے مزید واجبات ادا کر دیئے ہیں لہٰذا اب ہر درخواست دہندہ کو گیس کے کنکشن باآسانی مل رہے ہیں' سوسائٹی اس مد میں NOC جاری کر رہی ہے!

## 3- پانی کی نئی لائنیں

اس سال 15-A کی مُحلہ کمیٹی کی درخواست پر انتظامیہ نے پانی کی نئی لائنیں ڈالنے کا فیصلہ کیا اور اس سلسلے میں باقاعدہ ماہرین سے مشورہ کیا گیا پھر اُن کی خدمات معاوضے کے عوض حاصل کی گئیں' خیال ہے کہ جس قدر گہرائی اور سمجھداری سے معاملے کو طے کیا جارہا ہے' اُس کے بعد سیکٹر کے ہر گھر میں پانی پہنچے گا لیکن اگر خُدانخواستہ ایسا نہیں ہو پایا تو سوسائٹی یا انتظامیہ ذمے دار نہیں ہوگی کیونکہ پانی کی فراہمی میں پیچھے سے پانی کا مُناسب مقدار میں آنا ازحد ضروری ہے!

## 4- سیوریج لائنیں

پانی کی طرح سیوریج کے مسائل بھی سیکٹر 15-A میں بڑھ گئے تھے' خاص طور سے حالیہ بارشوں کے بعد پانی کی نکاسی نہیں ہو پائی تھی لہٰذا سیوریج کے کام کو بڑے پیمانے پر پھر سے کیا جارہا ہے اور اگر اس سلسلے میں آپ رہائشیوں کو کوئی پریشانی ہو رہی ہے تو معذرت چاہوں گا اور یہ کہوں گا کہ یہ وقتی تکلیف ہے جس کے بعد یقیناً راحت ملے گی!

اس سیکٹر میں مکانات کی تعمیر کا کام زوروشور سے جاری ہے' ڈھائی سو کے قریب مکانات بن چکے ہیں' بیس پچیس مکانات کے نقشے پاس ہونے گئے ہیں' میں دیگر پلاٹ ہولڈرز سے درخواست کروں گا کہ اپنے اپنے پلاٹس پر تعمیراتی کام شروع کرائیں تاکہ میمن نگر 15-A پوری طرح آباد اور پُررونق بن سکے!

**نوٹ:**

سیکٹر 15-A/1 میں چار سو گز والے پلاٹس (B-01 to B-08) کے مالکان سے گزارش ہے کہ اپنے پلاٹس پر تعمیراتی کام جتنا جلد ہو سکے شروع کر دیں' موجودہ حالات میں ان پلاٹس کو خالی چھوڑنا قبضہ گروپ کو دعوت دینے کے برابر ہے لہٰذا اپنے مفاد میں ان کی تعمیر کا فیصلہ جلد کریں!

CS CamScanner

# مینجنگ کمیٹی اور دیگر سب کمیٹیز

1- مینجنگ کمیٹی نے اس سال کے دوران 12 میٹنگز منعقد کیں جن میں سوسائٹی کے معاملات پر غور و خوص کے بعد متفقہ طور پر فیصلے کئے گئے!

2- ٹرانسفر سب کمیٹی کے کنوینز جناب عبدالواحد موسیٰ صاحب کے زیرِ سایہ کمیٹی نے اپنی ذمے داریاں بڑے احسن طریقے سے سرانجام دیں، سال 2018-2019ء کے دوران 17 میٹنگز ہوئیں اور 45 پلاٹس کے ٹرانسفر عمل میں لائے گئے!

3- ڈیولپمنٹ سب کمیٹی کے کنوینز محمد منیر قادری نے بڑی لگن اور سمجھ داری سے فرائض انجام دیئے، اس سال ڈیولپمنٹ سب کمیٹی کی کئی میٹنگز ہوئیں جن میں کئی ترقیاتی کاموں کی منظوری دی گئی، سیکٹر 13-A میں سیوریج کے مسائل، سیکٹر 15-A میں پانی و سیوریج کا دیرینہ مسئلہ حل کرنے کے لئے کمیٹی نے بہت پیش رفت کی، اس کے علاوہ سڑکوں کی تعمیر کے کام کو اچھی طرح مانیٹر کرنے کے بعد فی الحال روک دیا گیا ہے تاکہ پانی و سیوریج کے کام کے باعث سڑک کا کام خراب یا متاثر نہ ہو!

4- لیگل سب کمیٹی کے کنوینز نعیم حبیب نے بہت سے قانونی معاملات کو دیکھا اور اپنی ٹیم کے ساتھ بہت سے ایشوز پر آگے بڑھے!

5- آڈٹ اینڈ فنانس سب کمیٹی کے کنوینز حاجی عبدالرزاق میمن صاحب نے بڑی خوش اسلوبی و دیانت داری سے فرائض نبھائے اور سوسائٹی اکاؤنٹس کی جانچ پڑتال باریک بینی سے کی!

## اطلاع عام

### آل میمن ویلفیئر کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمیٹڈ کراچی

48واں جنرل باڈی سالانہ جلسہ اور الیکشن بروز اتوار مورخہ 05-01-2020 بوقت 11:00 بجے صبح بمقام سوسائٹی آفس ST-04 سیکٹر 13-A اسکیم 33 کراچی میں منعقد ہوں گے سوسائٹی کے تمام ممبران سے گزارش ہے کہ وقت کی پابندی کرتے ہوئے اس اہم جلسے میں ضرور شرکت فرمائیں۔

**سوسائٹی کے صدر اور پانچ (05) اراکین کمیٹی کیلئے الیکشن شیڈول برائے سال 2019-2020 درج ذیل ہے**

1- نامزدگی کے فارم صرف کوالیفائنگ شیئرز کے حامل افراد سوسائٹی آفس سے مورخہ 25-11-2019 تا 05-12-2019 صبح 11:00 بجے سے شام 5:00 بجے تک مبلغ ایک ہزار روپے فی فارم کی ادائیگی پر حاصل کر سکتے ہیں۔

2- نامزدگی فارم سربمہر لفافے میں سوسائٹی آفس میں اعزازی الیکشن کمشنر کے پاس مورخہ 07-12-2019 شام 5:00 بجے تک جمع کرائے جا سکتے ہیں۔

3- نامزدگی کاغذات کی جانچ پڑتال مورخہ 09-12-2019 کو ہوگی۔

4- ممکنہ امیدواروں کی فہرست سوسائٹی آفس کے نوٹس بورڈ پر مورخہ 11-12-2019 کو لگا دی جائے گی۔

5- اعتراضات اور اپیل مورخہ 13-12-2019 کو سوسائٹی آفس میں 2:00 بجے سے شام 5:00 بجے تک ہوگی۔

6- اعتراضات اور اپیل کی سماعت مورخہ 20-12-2019 کو شام 4:00 بجے تک ہوگی۔

7- نامزدگی کاغذات واپس لینے کی آخری تاریخ مورخہ 24-12-2019 کو شام 4:00 بجے تک لگا دی جائے گی۔

8- امیدواروں کی حتمی فہرست سوسائٹی آفس کے نوٹس بورڈ پر مورخہ 28-12-2019 کو شام 4:00 بجے لگا دی جائے گی۔

9- الیکشن بروز اتوار مورخہ 05-01-2020 کو سہ پہر 3:00 سے شام 5:00 بجے تک ہوگی۔

10- الیکشن سے متعلق مزید معلومات کے لیے سوسائٹی آفس سے رابطہ کریں۔

**محمد یوسف عبداللہ نوی والا (اعزازی جنرل سیکریٹری)**

روزنامہ جسارت کراچی

27 نومبر 2019ء

CS CamScanner

# سوسائٹی الیکشن برائے 2020 - 2019ء

اس سال سوسائٹی کے صدر اور پانچ اراکینِ انتظامیہ کمیٹی کے لئے الیکشن ہونا تھا' صدر سوسائٹی کے لئے مقررہ تاریخ تک صرف ایک Nomination Form جمع ہوا جبکہ اراکینِ انتظامیہ کمیٹی کے لئے پانچ ارکان کی پنشاؤ میں چار درخواستیں موصول ہوئیں' چونکہ صدر سوسائٹی کے لئے جناب محمد حنیف سلطانی صاحب اکیلے ہی میدان میں تھے اس لئے انہیں بلامقابلہ منتخب کرلیا گیا! اراکینِ کمیٹی کے لئے جمع ہونے والے چار Nomination Forms بھی بلامقابلہ منتخب ہوگئے جن کے نام ہیں 1- عبدالواحد موسیٰ 2- منیر قادری 3- فیاض احمد اور 4- محمد الیاس کاراصاحب' ہم اُمید کرتے ہیں کہ منتخب صدر اور چار منتخب شدہ اراکینِ انتظامیہ کمیٹی دیگر ممبران کے ساتھ مل کر سوسائٹی کی بہتری کے لئے مخلص ہوکر پوری نیک نیتی سے کام کریں گے!

دیگر اراکینِ کمیٹی جن میں جناب ندیم حبیب صاحب' جناب عبدالواحد موسیٰ صاحب' جناب منیر قادری صاحب' جناب محمد زبیر عبدالغفار صاحب' جناب واحد کیرگانی صاحب' جناب انیس کریم صاحب' جناب نعیم حبیب صاحب' جناب عامر گھانی والا صاحب اور جناب اقبال داعر یا صاحب شامل ہیں' ان سب کا بے حد مشکور ہوں کہ انہوں نے میرے ساتھ بھرپور تعاون کیا!

میں سالانہ آڈٹ رپورٹ کے سلسلے میں سوسائٹی کے آڈیٹرز ساجد حواینز کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنس کا بھی شکر گزار ہوں کہ اُن کے اسٹاف نے آڈٹ کے دوران بھرپور تعاون اور پیشہ ورانہ طرزِ عمل کا مظاہرہ کیا!

میں یہاں سوسائٹی آفس کے اسٹاف کا بھی شکر گزار ہوں جو بڑی محنت و لگن سے اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں! اُمید کرتا ہوں کہ ہمارے یہ ہمدرد کارکن اسی طرح خوش دلی سے کام کرتے رہیں گے!

و آخرُ دعوانا اَن الحمدُ للہِ ربِ العالمین

آپ کا خیر اندیش

محمد یوسف عبداللہ نوی والا

# آل میمن ویلفئیر کوآپریٹیو ہاؤسنگ سوسائیٹی لمیٹیڈ، کراچی

## اراکین مجلس انتظامیہ برائے سال 2018-2019



جناب مُحمد حنیف سُلطانی
صدر سوسائٹی



جناب ایم یوسف عبدُاللہ نوی والا
اعزازی جنرل سیکریٹری

# اراکین مجلس انتظامیہ برائے سال 2018-2019



جناب ندیم حبیب
جوائنٹ صدر / بلڈنگ سب کمیٹی کنوینر



جناب حاجی عبدالرزاق میمن
کنوینر A/C سب کمیٹی



جناب عامر گھانی والا




جناب نعیم حبیب
لیگل سب کمیٹی کنوینر



محمد اقبال وادھریا
کنوینر ایڈمنسٹریشن



جناب عبدالواحد گیگانی



جناب منیر قادری
ڈویلپمنٹ سب کمیٹی





جناب عبدالواحد موسیٰ
کنوینر فنانس سب کمیٹی



جناب انیس عبدالکریم
جوائنٹ سیکریٹری



جناب محمد زبیر عبدالغفار


CamScanner

All Memon Welfare Co-operative Housing Society Ltd.
Registered Under Co-operative Societes Act. VII of 1925

MEMON NAGAR

Plot # ST-04, Sector 13-A,
Memon Nagar, Sch.33,
Gulzar-e-Hijri, Karachi.
Tel. 021-34656717

Ref. No. ____________

Date ____________ 20

# FINAL LIST FOR ANNUAL ELECTION OF SOCIETY FOR THE YEAR 2019-2020

It is notified for the information of all Members of **ALL MEMON WELFARE COOPERATIVE HOUSING SOCIETY LIMITED KARACHI**, that up to the last date i.e 24.12.2019 for withdrawal of Nomination Papers, No withdrawal received nor any objection filed.

Keeping in view the present position of the candidates, I hereby declare the following persons (One President and four Committeemen) have been elected as "**UNOPPOSED**" for Election of Society for the year 2019-2020.

1. **FOR PRESIDENTSHIP:**
   **Mr.Muhammad Hanif Sultani** — **MS # 434/240**

2. **FOR COMMITTEEMEN:**
   1. **Mr.A.Wahid Musa** — **MS # 643/240**
   2. **Mr. M.Munir Qadri** — **MS # 3375/120**
   3. **Mr. Fayyaz Ahmed** — **MS # 604/400**
   4. **Mr. M.Ilyas Kara** — **MS # 2876/120**

This notification signed by me is to be placed on the Notice Board the Society Office after 04.00 p.m on 28.12.2019.

**(Muhammad Yousuf Gung)**
Hon. Election Commissioner
For All Memon Welfare C.H. S

CamScanner

Telephone # 021-34656717

# ALL MEMON WELFARE COOPERATIVE HOUSING SOCIETY LTD ST-04, SECTOR 13-A,MEMON NAGAR SCHEME-33, KARACHI

Ref:- AMWCHS/48th AGBM

Karachi dated 23.11.2019

## NOTICE FOR THE 48TH ANNUAL GENERAL BODY MEETING AND ANNUAL ELECTION OF SOCIETY FOR THE YEAR 2019 – 2020

Forty-Eighth Annual General Body Meeting for the year 2020 and Election of Society for the year 2019-2020 will be held on "SUNDAY" the 05th January, 2020 at Main Office, St-04, sector 13-A, Memon Nagar Scheme-33, Karachi.

Time of Meeting is 11.00 A.M to 01.00 P.M

Following Agenda will be transacted at the General Body Meeting

Agenda: **TILAWAT-E-QURAN SHARIF**

**Item # 1** To read and confirm Minutes of the 47th Annual General Body Meeting of Society which was held on 17.03.2019

**Item # 2**
(i) A brief speech by the President of Society
(ii) A brief speech by the Vice President of Society
(iii) Annual Report of Society's activities by H.G.S for the year 2018-2019

**Item # 3.** To approve and confirm the Accounts and Balance Sheet of Society duly audited by the Chartered Accountants M/s. Sandhu & Company, for the year 2018-2019.

**Item # 4.** To approve Auditors of Society for the year 2019-2020 and fix their remuneration.

**Item # 5** To elect One President and Five Committeemen for the year 2019-2020 as per Society Bye-laws No.47 (a)

**Retiring President** :- **Mr.Muhammad Hanif Sultani**

**Retiring Committeemen** :- (5) Five

**Item # 6** Any other matter for which a Notice is given to the Committee not less than fourteen (14) days before the Annual General Body Meeting :-

(i) In case the meeting is adjourned for want of QUORUM or because of agenda remains unfinished or due to abnormal condition in the city, the adjourned meeting will be held on **"SUNDAY"** 12th January 2020 at the same place and same time.

(ii) Any member wishing to move any resolution should submit the text duly proposed and seconded in this Society Office during office house minimum 14th days before the Annual General Body Meeting.

**(M.Yousuf Abdullah)**
Hon. Gen.Secy
For A.M.W.C.H.S Ltd, Karachi

CS CamScanner

# MINUTES OF THE 47TH ANNUAL GENERAL BODY MEETING HELD ON SUNDAY THE 17TH MARCH 2019

Forty-Seventh (47th) Meeting of the General Body of Society was held on "SUNDAY" the 17TH March 2019 at 11.00 a.m. at Main Office (ST-04) Sector 13-A, Memon Nagar, Scheme-33, Gulzar-e-Hijri, Karachi.

As per attendance Register -36- members of the Society attended this meeting. Representative of Assistant Registrar Cooperative VI along-with was kind to attend and witness the meeting proceedings.

The meeting started with recitation of "HOLY QURAN" made by Muhammad Iqbal Vadahwa .

**Item # 1** Minutes of the last Annual General Body Meeting held on 06th May. 2018 were already printed in the Annual Report and also circulated to the members. However, there was no query made from any member. Then, minutes were confirmed unanimously.

**Item # 2**

(i) A brief speech was given by Mr.M. Hanif Sultani , the President of Society which was also printed in the Annual Report for the year ended on 30th June 2018.

(ii) Mr.M. Yousuf Abdulllah, the H.G.S of Society also gave a speech which was printed in the Annual Report for the year 2017-2018

**Item # 3** The Accounts and Balance Sheet of Society for the year 2017-2018 which was also printed in the Annual Report of Society. Some queries were made from Mr.M.Yousuf resident of House No. R-37, Sector 13A, which briefed by the M.C. members to his full satisfaction. Thereafter, Accounts and Balance Sheet of the Society were approved by the House.

**Item # 4** Appointment of M/s. Sandhu & Company, Chartered Accountants as Auditors of Society for the year 2018-2019 and their remuneration was approved unanimously.

**Item # 5** The H.G.S informed the House about Society's Election for the year 2018-2019, that only one nomination was received for Presidentship. Resultantly, **Mr.Muhammd Hanif Sultani** was elected as un-opposed President for the year 20187-2019. And Five (5) nominations were received against five positions for Committeemen which were also elected un-opposed as mentioned bellows:-

**COMMITTEEMEN:**

| | | |
|---|---|---|
| (1) | Mr.M.Yousuf Abdullah | MS # 3373/120 |
| (2) | Mr.Nadeem Habib | MS # 1051/240 |
| (3) | Haji Adbul Razzak Memon | MS # 2478/240 |
| (4) | Mr.Muhammad Aamir | MS # 241/240 |
| (5) | Mr.Muhanmmad Iqbal | MS # 1226/120 |

**Item # 6** **Any other matter**

(1)The Resident members of House No.R-51 & A-59,Serctor 13A,who lodged their Complaint regarding short Supply of Drinking Water. There was a detailed discussion between residents and the management. Finally, the President & H.G.S assured them to resolve the matter with 24-hours .

(2) There was another Complaint that circular Notice of the General Body Meeting not delivered to him. It was intimated that public Notice was published in Daly Jasarat (3) times during the Schedule of Election/A.G.B.M.

**Hon. Genl. Secy.** **President**

CS CamScanner

# ALL MEMON

## Welfare Co-Operative Housing Society Ltd.



MEMON NAGAR, SECTOR 13-A, & 15-A, SCHEME-33,
GULZAR-E-HIJRI, KARACHI.
PH : 021-34656717

CS CamScanner

# ALL MEMON

## Welfare Co-Operative Housing Society Ltd.

### Managing Committee of Society for the year 2018-2019

1. Mr. Muhammad Hanif Sultani .................... President
2. Mr. Nadeem Habib .................... Vice Paresident
3. Mr. M. Younusuf Abdullah .................... Gen. Secretary
4. Mr. M. Zubair A Ghaffar .................... Member
5. Mr. Abdul Wahid Musa .................... Member
6. Mr. Haji A. Razzak Memon .................... Member
7. Mr. Muhammad Munir Qadri .................... Member
8. Mr. Abdul Wahid Gigani .................... Member
9. Mr. Anis Abdul Karim .................... Member
10. Mr. Naeem Habib .................... Member
11. Mr. Muhammad Aamir .................... Member
12. Mr. Muhammad Iqbal .................... Member

MEMON NAGAR, SECTOR 13-A, & 15-A, SCHEME-33, KARACHI.
021-34656717

CamScanner